# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**

**Date: 11-August-2026**

**Time: 09:25/AM**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

پارلیمنٹ بل

پارلیمنٹ نے ٹیکسیشن اور دیگر قوانین میں ترمیمی بل 2026 منظور کرلیا ہے۔ راجیہ سبھا نے بحث کے بعد بل لوک سبھا کو واپس بھیج دیا، جہاں اسے پہلے ہی منظور کیا جاچکا ہے۔ وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ بل کا مقصد ملک میں مینوفیکچرنگ کو فروغ دینا، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع بڑھانا ہے۔ بل کے تحت سرکاری سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری سے حاصل سود پر بعض غیر ملکی اداروں کو انکم ٹیکس سے چھوٹ دی گئی ہے۔ مخصوص ڈیٹا سینٹرز سے خدمات حاصل کرنے والی بعض غیر ملکی کمپنیوں کے لیے بھی ٹیکس رعایت تجویز کی گئی ہے۔ وزیرِ خزانہ نے واضح کیا کہ یوپی آئی صارفین پر کوئی ٹیکس یا چارج عائد نہیں ہوگا۔

وزیر اعلیٰ

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے سری نگر میں ''آئیکنز اگینسٹ ڈرگز اینڈ ڈوپنگ'' مہم کا آغاز کیا۔ معروف کرکٹرز، فٹبالرز اور پدم ایوارڈ یافتہ شخصیات نے مہم کی مشعل تھام کر جموں و کشمیر بھر میں منشیات اور ڈوپنگ کے خلاف پیغام عام کرنے کا عزم ظاہر کیا۔ اپنے ایک سوشل میڈیا پیغام میں وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ منشیات اور ڈوپنگ کے خلاف جدوجہد محض نعرہ نہیں بلکہ صحت مند زندگی کیلئے روزانہ کا انتخاب ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے مزید مواقع پیدا کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود اور تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل سول سیکریٹریٹ جموں میں مختلف علاقوں سے آئے عوامی وفود سے ملاقات کی۔ وفود نے صحت، تعلیم، سڑک، بجلی، پانی اور سماجی بہبود سے متعلق مسائل پیش کئے۔ وزیر نے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی اور افسران کو مقررہ مدت میں ضروری کارروائی کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی مسائل کے فوری ازالے اور سرکاری خدمات کی بہتر فراہمی کے لیے پُرعزم ہے۔

ترنگا میٹنگ

ڈویژنل کمشنر کشمیر اور محکمہ ثقافت جموں وکشمیر کے پرنسپل سیکریٹری نے ترنگا ریلی اور یومِ آزادی 2026 کی تقریبات کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک میٹنگ کی مشترکہ صدارت کی۔ میٹنگ میں 12/ اگست کو ہونے والی ترنگا ریلی اور یومِ آزادی کی تقریبات کو کامیاب بنانے کے لیے مختلف محکموں کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران کو تمام انتظامات مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی۔

ڈی سی اننت ناگ

ضلع اننت ناگ میں یومِ آزادی کی تقریبات کی تیاریوں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں فل ڈریس ریہرسل اور **15**/ اگست کی مرکزی تقریب سمیت ضلع، تحصیل، بلاک اور پنچایت سطح کے پروگراموں کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقعے پر سیکورٹی، ٹریفک، صفائی، طبی سہولیات، بجلی و پانی کے علاوہ مارچ پاسٹ اور ثقافتی پروگراموں کے حوالے سے انتظامات پر بھی تفصیلی غور رہوا۔

کلچرل یونٹ

یومِ آزادی 2026 کی تقریبات کے تحت محکمہ اطلاعات کے کلچرل یونٹ سرینگر نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول سونہ وار اور گورنمنٹ ہائی اسکول ملک صاحب صفا کدل میں مختلف ثقافتی و تعلیمی پروگرام منعقد کئے۔ طلباء نے اس موقعے پر حب الوطنی پر مبنی نغموں، مباحثوں، پینٹنگ، کوئز اور سمپوزیم مقابلوں میں جوش وخروش سے حصہ لیا۔

کیرن

ضلع انتظامیہ کپواڑہ نے بلاک کیرن کے دور دراز علاقوں میں عوام کو سرکاری خدمات گھر کی دہلیز تک پہنچانے کے مقصد سے تین نئے کامن سروس سینٹرز قائم کئے۔ ڈپٹی کمشنر کپواڑہ نے ان مراکز کا ورچوئل افتتاح کیا۔ منڈیان اے، منڈیان اور پاتھرو پنچایتوں میں قائم مراکز سے لوگوں کو سرکاری اسکیموں، ڈیجیٹل، صحت، زرعی، مالیاتی اور دیگر عوامی خدمات دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے سرحدی علاقوں کے لوگوں کو بنیادی خدمات کے لیے طویل سفر سے چھٹکارا ملے گا۔

منشیات

جموں وکشمیر پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے کل بارہمولہ میں جیل برج کے قریب ناکہ چیکنگ کے دوران دو افراد کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق ان کے قبضے سے بالترتیب 10 اور 7 گرام براؤن شوگر نما مادہ برآمد ہوا۔ دریں اثناء جے کے پولیس نے بارہمولہ کے سلطان ڈھکی، کمال کوٹ اور چیک رزاق خان علاقوں میں کارروائیاں انجام دیتے ہوئے جنگلی بھنگ کو موقعے پر ہی تباہ کردیا۔

زلزلہ

کولمبیا میں کل آنے والے شدید زلزلے سے ہلاکتوں کی تعداد 132 ہوگئی، جبکہ 570 سے زائد افراد زخمی ہیں۔ زلزلے کی شدت  سات اعشاریہ چار بتائی جارہی ہے۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق زلزلے کا مرکز دارالحکومت بوگوٹا سے تقریباً 400 کلومیٹر دور چوکون کے علاقے میں تھا۔ سینکڑوں عمارتوں کو نقصان پہنچا اور کئی افراد ملبے تلے دب گئے۔ حکومت نے ملک میں ایمرجنسی نافذ کردی ہے، جبکہ امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

بارش

محکمہ موسمیات نے  جموں وکشمیر، لداخ سمیت ہماچل پردیش اور مشرقی راجستھان میں آج بھاری بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ کے مطابق اتراکھنڈ، پنجاب اور مغربی راجستھان سمیت کئی علاقوں میں بھی بارش کا امکان ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ